2022年11月11日ジャング紙ラホール版1面

# داتا گنج بخشؒ، بابافریدؒ کے مزاروں کی اپ گریڈیشن، تعلیمی انقلاب لائینگے، وزیر اعلیٰ پرویز الٰہی

**نومبر ، 2022 11**

لاہور (نمائندہ خصوصی) وزیر اعلیٰ پنجاب چودھری پرویز الٰہی نے کہا ہے کہ ہم تعلیمی انقلاب لائینگے، دربار حضرت داتا گنج بخشؒ اور پاکپتن میں دربار حضرت بابا فرید الدین مسعود گنج شکرؒ کے احاطے میں خود کار چھتریاں نصب کرنے کی منظوری دیتے ہوئے داتا دربار کی واٹر سپلائی سکیم کو 2 ہفتے میں مکمل کرنے کا حکم دیا، زائرین کیلئے ملٹی سٹوری پارکنگ پلازہ کی تعمیر کی منظوری دیتے ہوئے کہا کہ پارکنگ پلازہ کو انڈر گراؤنڈ راستے سے داتا دربار بیسمنٹ سے، پارکنگ پلازہ کو پیدل افراد کیلئے اوور ہیڈ برج کے ذریعے داتا دربار سے منسلک کیا جائے گا۔ پارکنگ پلازہ میں گاڑیاں کھڑی کرنے والے زائرین روڈ کراس کرنے کیلئے اوور ہیڈ برج استعمال کریں گے، جدید ترین سکیورٹی چیکنگ سسٹم نصب کیا جائے گا، داتا دربار چوک کی ری ماڈلنگ اور سرفیس لفٹنگ کا پراجیکٹ بھی شروع کریں گے۔ وزیر اعلیٰ نے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ دربار حضرت بابا فرید گنج شکرؒ پاکپتن کی اپ گریڈیشن کا ابتدائی منصوبہ تیار کر لیا گیا ہے۔ دربار حضرت بابا فرید گنج شکرؒ کے قریب بھی زائرین کیلئے اوور ہیڈ برج بنایا جائے گا اور پاکپتن میں زائرین کی سہولت کیلئے پارکنگ پلازہ بھی قائم ہو گا، ڈسپنسری اور لنگر خانے کی اپ گریڈیشن جلد مکمل کرنے کی ہدایت کرتے ہوئے کہا دربار بابا حضرت موج دریاؒ میں زائرین کیلئے مزید سہولتوں کی فراہمی کا عمل جلد مکمل کیا جائے گا۔ انہوں نے کہا اوقاف ملازمین کیلئے خصوصی الاؤنس کیلئے فنڈز کا اجراء کر دیا گیا ہے، وزیر اعلیٰ پنجاب سے وزیر اعلیٰ آفس میں ایف سی کالج یونیورسٹی کے ریکٹر کی قیادت میں اعلیٰ سطح کے وفد نے ملاقات کی۔ وزیر اعلیٰ نے کہا کہ ایف سی کالج یونیورسٹی کا شمار بہترین درس گاہوں میں ہوتا ہے اور ایف سی کالج یونیورسٹی کے طلبہ نے ہر میدان میں وطن عزیز کا نام روشن کیا ہے، نہوں نے کہا کہ پنجاب کے تعلیمی اداروں میں سہولیات کو مزید بہتر کیا جائے گا اور تعلیمی اداروں کے منصوبوں کو ترجیحی بنیادوں پر مکمل کیا جائے گا۔ تعلیمی اداروں میں منشیات روکنے کیلئے کڑی سزائیں مقرر کی جا رہی ہیں۔ ایف سی کالج یونیورسٹی سمیت ہرنجی ادارے کی تعلیمی خدمات کی قدر کرتے ہیں، مسائل حل کرینگے۔ ڈاکٹر جیمز اے ٹیبی نے کہا کہ پنجاب میں اعلیٰ تعلیمی اداروں کے قیام کیلئے چودھری پرویز الٰہی کی خدمات قابل تحسین ہیں وفد میں سابق ریکٹر ڈاکٹر جیمز اے ٹیبی، موجودہ ریکٹر ڈاکٹر جوناتھن، رجسٹرار بریگیڈیئر(ر) ڈاکٹر نیئر فردوس، بشپ ڈاکٹر الیگزینڈر جان ملک، ڈاکٹر میتھیو شامل تھے جبکہ پرنسپل سیکرٹری وزیر اعلیٰ محمد خان بھٹی، سابق پرنسپل سیکرٹری وزیر اعلیٰ جی ایم سکندر، سیکرٹری خزانہ، سیکرٹری ہائر ایجوکیشن اور متعلقہ حکام بھی موجود تھے۔ ڈُلے والا سے نمائندہ جنگ کے مطابق وزیر اعلیٰ پنجاب سے تحریک انصاف کے مستعفی ممبر قومی اسمبلی خان محمد ثناء اللہ خان مستی خیل نے ملاقات کی، وزیر اعلیٰ نے ان کے تجویز کردہ منصوبوں کے حوالہ سے فوری احکامات جاری کیے اور مشکل وقت میں کھل کر عمران خان کا ساتھ دینے پر ان کے سیاسی کردار کو سراہا۔